پروفیسر سید اقبال عظیم

حمد باری تعالیٰ

صد شکر کہ یوں وردِ زباں حمد خدا ہے
وہ سب سے بڑا، سب سے بڑا، سب سے بڑا ہے

اس کا کوئی ثانی ، نہ مشابہ ، نہ مقابل
وہ سب سے جدا ، سب سے جدا ، سب سے جدا

وہ رنگ ، یہ خوشبو ، یہ بہاریں ، یہ فضائیں
سب اس کی عطا ، اس کی عطا ، اس کی عطا ہے

کافر ہو کہ مسلم ، کوئی مشرک ہو کہ مؤمن
وہ سب کا خدا ، سب کا خدا ، سب کا خدا ہے

معراجِ عبادات بھی ، معراجِ سخن بھی
صرف اس کی ثناء ، اس کی ثناء ، اس کی ثناء ہے

وہ خالقِ کونین بھی ، رزّاقِ جہاں بھی
وہ ربِّ علیٰ ، ربِّ علیٰ ، ربِّ علیٰ ہے

اقبالؔ لیے جاؤ سدا نام خدا کا
جو دل کی جلا ، غم کی دوا ، دکھ کی شفا ہے